SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

April 15, 2021

ایس ای سی پی نے کمپنیوں کی حقیقی ملکیت کا ڈیکلریشن فارم آن لائن جمع کروانے کی سہولت متعارف کروادی

(اسلام آباد: 15 اپریل) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کمپنیوں کی جانب سے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 123A کے تحت کمپنیوں کے حقیقی مالکان کی معلومات (Ultimate Beneficial Ownership -UBO) کے حلف نامہ (Declaration) کا فارم 45 جمع کروانے کے لئے آن لائن سہولت متعارف کروادی گئی ہے۔

کمپنیوں اور کارپوریٹ اداروں کی ملکیت کی معلومات میں شفافیت کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے متعلقہ قوانین اور کمپنیز (جنرل پروویژن اور فارم) ریگولیشنز میں ترامیم متعارف کروائیں گئیں ہیں جن کا مقصد کمپنیوں کے ذریعے منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کرنا ہے۔ان ریگولیشنز میں کمپنیوں کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنے حقیقی مالکان کی معلومات کو حاصل کریں اور رجسٹر میں ترتیب دیں اور اس حوالے سے ڈیکلریشن فارم 45 کے ذریعہ سالانہ ریٹرن کے ساتھ ایس ای سی پی کو جمع کروائیں۔ کمپنیاں فارم 45 کا ڈیکلریشن ایس ای سی پی کے ای سروسز پورٹل کے ذریعے آسانی کے ساتھ جمع کرواسکتی ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005